بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share
VAIO Lシリーズ《公式通販》
ハイスペックテレビパソコン。3Dも対応可 インテル(R)Core(TM)i7搭載
store.sony.jp
AdChoices

پشاور میں خطبہ جمعہ کے دوران مسجد میں خودکش دھماکہ، فائرنگ 15 نمازی جاں بحق، 30 زخمی

گلشن کالونی مدرسہ الحسینی سے ملحقہ مسجد کے عقبی دروازے پر 3 حملہ آوروں نے گارڈز پر فائرنگ کی، ایک خودکش نے اندر گھس کر منبر کے پاس جا کر دھماکہ کر دیا، مرنے والوں کے اعضاء بکھر گئے، 2 حملہ آور فرار

حملہ کے وقت 200 نمازی موجود تھے، زخمیوں کو لیڈی ریڈنگ ہسپتال پہنچا دیا گیا، دھماکہ میں 8،7 کلو بارود استعمال ہوا، پولیس، خودکش کالے کپڑوں میں ملبوس تھا، عینی شاہد، صدر، وزیراعظم و دیگر رہنماؤں کا اظہار افسوس

پشاور (ایجنسیاں + مانیٹرنگ سیل) پشاور کے علاقے گلشن کالونی میں خطبہ جمعہ کے دوران مسجد میں فائرنگ اور خودکش بم دھماکہ سے 15 نمازی جاں بحق اور 30 شدید زخمی ہو گئے۔ مدرسہ الحسینی سے ملحقہ مسجد کے عقبی دروازے پر سکیورٹی گارڈز پر ایک خودکش حملہ آور اسکے 2 ساتھیوں نے فائرنگ کی جس سے ایک گارڈ جاں بحق اور دوسرا زخمی ہو گیا۔ اس دوران حملہ آوروں نے مسجد کے اندر گھس کر بھی فائرنگ کی جبکہ خودکش حملہ آور فائرنگ کرتا منبر کے پاس پہلی صفوں میں پہنچ گیا جہاں اس نے خودکش جیکٹ کا بٹن دبا کر دھماکہ کر دیا، 15 افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ مرنیوالوں کے اعضاء مسجد میں بکھر گئے جبکہ فرش لہو سے سرخ ہو گیا۔ دھماکہ سے قبل دو حملہ آور فرار ہو گئے۔ مسجد میں 200 سے زائد غازی موجود تھے۔ زخمیوں کو لیڈی ریڈنگ ہسپتال اور دیگر ہسپتالوں میں پہنچا دیا گیا۔ عینی شاہد کے مطابق خودکش حملہ آور کی عمر 20 یا 22 سال تھی اور وہ کالے کپڑوں میں ملبوس تھا۔ واقعہ کے بعد پولیس اور دیگر حکام موقع پر پہنچ گئے۔ شہر میں سکیورٹی الرٹ کر دی گئی۔ ایس پی شفیع اللہ خان پی پی ایم کے مطابق جمعہ کے روز گلشن کالونی جی ٹی روڈ پشاور میں مدرسہ عارف حسین الحسینی کی جامعہ مسجد میں ڈیڑھ بجے نماز جمعہ کی ادائیگی کے دوران ایک مسلح خودکش حملہ آور اپنے دو مسلح ساتھیوں کے ہمراہ جامعہ مسجد پہنچا‘ مسلح حملہ آوروں نے مسجد کے گیٹ کے باہر پولیس جوانوں اور سکیورٹی گارڈز پر اندھا دھند فائرنگ کی جس سے پولیس کا ایک جوان جاں بحق اور ایک سکیورٹی گارڈ زخمی ہو گیا۔ مسلح حملہ آوروں نے مسجد کے اندر داخل ہو کر وہاں بھی فائرنگ کی۔ پولیس نے خودکش حملہ آور کا پستول اپنی تحویل میں لے لیا جبکہ خودکش حملہ آور کا سر دو ٹانگیں اور جسم کے دوسرے اعضاء بھی تحویل میں لیکر ڈی این اے ٹیسٹ کے لئے لیبارٹری بھیج دیئے گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق دھماکہ میں 7 تا 8 کلو بارودی مواد استعمال ہوا۔ حسینیہ مسجد کی عمارت مکمل تباہ ہو گئی۔ مسجد کے خطیب کے مطابق دھماکہ خطبے سے پہلے ہوا، خودکش حملہ آور نے پہلے مسجد کے گارڈ پر فائرنگ کی پھر خود کو دھماکے سے اڑا لیا۔ انہوں نے کہا کہ ناقص سکیورٹی کے باعث حملہ آور مسجد میں داخل ہوئے۔ ایک عینی شاہد کے مطابق وہ خودکش حملہ آور کے پیچھے ہی تھا اسی دوران حملہ آور نے گیٹ پر کھڑے سکیورٹی اہلکار کو گولیاں مار کر جاں بحق کرنے کے بعد مسجد کے اندر داخل ہو کر خود کو دھماکے سے اڑا لیا۔ ذرائع کے مطابق دھماکے سے مدرسے کی عمارت کو شدید نقصان پہنچا۔ صدر آصف زرداری‘ وزیراعظم نواز شریف نے دھماکے میں معصوم انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتے ہوئے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایات کی ہیں۔ وزیراعلیٰ پرویز خٹک، وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف‘ عمران خان‘ فضل الرحمٰن، منور حسن، حافظ سعید، طاہر القادری، سمیع الحق، اسفند یار ولی، الطاف حسین، چودھری شجاعت اور دیگر رہنماؤں نے دھماکہ پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ نے پشاور خودکش حملے اور کراچی میں ٹارگٹ کلنگ پر آج یوم سوگ منانے کا اعلان کیا ہے۔

ShareThis
آج کا اخبار پڑھئے